سوال

میرا بھائی مرگی کے مرض کا شکار ہے، لیکن یہ چیز اس کے لیے جماع میں مانع نہیں، اس کا ایک عورت سے رشتہ طے ہوا ہے کیا اس کے لیے رخصتی سے قبل بیوی کو اس بیماری کے متعلق بتانا ضروری ہے یا نہیں؟

جواب

الحمد للہ

"جی ہاں خاوند اور بیوی دونوں میں سے اگر کسی کو خلقی یعنی جسمانی عیب اور بیماری ہے تو شادی سے قبل انہیں ایک دوسرے کو بتانا ہوگا، کیونکہ یہ خیر خواہی میں شامل ہوتا ہے، اور اس لیے بھی کہ یہ چیز ان دونوں میں محبت و الفت کا باعث اور جھگڑا و فساد ختم کرنے کا باعث ہوگا

انہیں چاہیے کہ وہ رخصتی کے وقت جب ایک دوسرے کے پاس جائیں اور دخول ہو تو وہ بصیرت پر ہوں، اور پھر دھوکہ و فراڈ کرنا، اور عیب چھپانا تو جائز ہی نہیں ہے".

اسلام سوال و جواب

97823